علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ بائیولوجی)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

-1 اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

مشقیں بھیجنے کا شیڈول

6 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ	3 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ
مشق نمبر1	15-12-2026	......	......
مشق نمبر2	08-01-2027	مشق نمبر1	08-01-2027
مشق نمبر3	30-01-2027	......	......
مشق نمبر4	20-02-2027	مشق نمبر2	20-02-2027
نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔			

کورس: بائیولوجی کی لیبارٹری ٹیکنیکس (259) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: میٹرک

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-4 آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-5 غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کریں۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:4-1)

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔تمام سوالات کے برابر نمبر ہیں۔

سوال نمبر1-ماحول کی تعریف کریں۔انسان اور ماحول کے باہمی تعلق کی وضاحت کریں۔نیز ماحول کے اجزاء پر بھی تفصیلی بحث کریں۔(20)

سوال نمبر2- ثانوی سطح پر بایولوجی کی تعلیم کے مقاصد تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3-بائیولوجی لیبارٹری میں استعمال ہونے والے شیشے کے سامان کی اقسام اور ان کے استعمال کو تفصیل سے بیان کریں۔(20)

سوال نمبر4- بائیولوجی لیبارٹری کی عمارت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5-بائیولوجی لیبارٹری میں حیاتیاتی تجزیے کے آلات پر نوٹ لکھیں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ9-5)

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔تمام سوالات کے برابر نمبر ہیں۔

سوال نمبر1- بائیولوجی لیبارٹری میں بجٹ سازی اور مالی وسائل کے انتظام کے طریقے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2- تجرباتی طریقہ کار کو کس طرح ترتیب دیا جاتا ہے؟تفصیل سے وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر3- بائیولوجی میں اہم لیبارٹری تکنیکوں پر تفصیل سے بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر4- حیاتیاتی لیبارٹری میں طلبہ کی کارکردگی کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر5- بائیولوجیکل لیب سیفٹی کی تعریف کریں نیز لیبارٹری میں موجود کیمیائی خطرات پر بحث کریں اور ان سے بچاؤ کے لیے استعمال ہونے والے طریقے بیان کریں۔ (20)